سوال نمبر:۔ 5187

بجانب:۔ محترمہ عظمیٰ خان صاحبہ، رکن صوبائی اسمبلی، صوبہ خیبر پختونخوا۔

نمبر شمار	سوال	جواب
(الف)	کیا وزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ:۔ آیا یہ درست ہے کہ ضلع نوشہرہ میں میڈیکل کالج کی تعمیر مکمل ہوچکی ہے اور تمام سٹاف بھی بھرتی ہو چکا ہے؟	ضلع نوشہرہ میں میڈیکل کالج کی اپنی عمارت زیر تعمیر ہے اور زیادہ تر سٹاف بھرتی ہو چکا ہے۔
(ب)	اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو تعمیر کب مکمل ہوئی کل کتنا سٹاف ہے اور کب سے تنخواہیں لے رہا ہے اب تک تنخواہوں کی مد میں کتنے رقم دی جاچکی ہے نیز اب تک کالج بند رہنے کی کیا وجوہات ہیں اور اسے شروع کرنے کیلئے حکومت کیا اقدامات کر رہی ہے تفصیل فراہم کی جائے۔	مذکورہ میڈیکل کالج کی اپنی عمارت عنقریب مکمل ہوجائے گی۔ نوشہرہ میڈیکل کالج اور تدریسی ہسپتال میں بھرتی شدہ سٹاف کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔ <u>نوشہرہ میڈیکل کالج</u> ڈاکٹر 66 نان ڈاکٹر 31 <u>قاضی حسین احمد میڈیکل کمپلیکس نوشہرہ</u> ڈاکٹر 97 نان ڈاکٹر 192 مذکورہ بالا سٹاف 01-07-2014 سے تنخواہ لے رہے ہیں اور اب تک -/158722745 روپے تنخواہ کی مد میں ادا ہو چکے ہیں۔ مذکورہ میڈیکل کالج کے بند رہنے کی اصل وجہ PM&DC سے Non-Recognition ہے جنکا عمل شروع ہے اور PM&DC اتھارٹی نے 8 مارچ 2017 کو مذکورہ میڈیکل کالج کا معائنہ کیا ہے اور منسٹری آف ہیلتھ اسلام آباد کو درجہ بالا کالج کی Recognition کیلئے نوٹفکیشن کا کیس Submit کیا ہے تاہم پشاور ہائی کورٹ نے طلبا کی آئینی درخواست پر داخلے کی اجازت دے دی ہے اور 100 طلباء وطلبات کی فرسٹ ائیر میں داخلہ ہو چکا ہے اور کلاسز 26 دسمبر 2016 سے شروع ہیں۔